سوال

لئے قرآن 4 پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم گرلز کالج کی طالبات ہیں، ہمارے نصاب میں قرآن مجید کے ایک پارہ کا حفظ بھی شامل ہے لیکن کبھی یوں بھی اتفاق ہوتا ہے کہ ہمارے امتحان کے دنوں میں ایام شروع ہوجاتے ہیں تو سوال یہ ہے کہ کیا اس حالت میں کاغذ پر قرآن مجید کی سورہ لکھنا اور اسے حفظ کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

مد!

علماء کے صحیح قول کے مطابق حیض ونفاس والی عورت کے لئے قرآن مجید پڑھنا جائز ہے کیونکہ ممانعت کی کوئی دلیل ثابت نہیں ہے لیکن ان حالتوں میں عورتوں کو چاہئے کہ وہ قرآن مجید کو ہاتھ نہ لگائیں بلکہ اسے پاک کپڑے وغیرہ کے ساتھ پکڑیں، اسی طرح بوقت ضرورت اس کاغذ کو بھی کپڑے سے پکڑیں جنبی کو چاہئے کہ وہ غسل کئے بغیر قرآن مجید نہ پڑھے کیونکہ اس سلسلہ میں صحیح حدیث موجود ہے جس میں اس کی ممانعت ہے ۔ حیض ونفاس والی عورت کو جنبی پر قیاس کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ حیض ونفاس کی مدت لمبی ہوتی ہے جب کہ حالت جنابت کی مدت بہت مختصر ہوتی ہے اور جنابت کے بعد غسل کرنا ہے واللہ ولی التوفیق ۔

فتاویٰ ابن باز